111935 ـ مسجد کی محراب پر قرآنی آیات لکھنا

سوال

مسجد کی محراب میں درج ذیل آیت لکھنے کا کیا حکم ہے :
كلما دخل ذكريا المحراب وجد عندها رزقا . ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

محراب میں درج ذیل فرمان باری تعالی:

كلما دخل عليها زكريا المحراب وجد عندها رزقا آل عمران (37).

جب بھی زکریا علیہ السلام مریم کے پاس محراب (یعنی کمرہ) میں داخل ہوئے ان کے پاس رزقا پایا .

لکھنی بدعت اور دین میں نئی ایجاد اور اس آیت کو اس کی مراد اور مقصود کے علاوہ کسی اور جگہ فٹ کرنا ہے، کیونکہ آیت میں محراب سے مراد وہ جگہ ہے جس میں عبادت کے لیے خلوت اختیار کی جائے، نہ کہ وہ جگہ جہاں امام نماز پڑھانے کے لیے کھڑا ہوتا ہے " انتہی

فضیلۃ الشیخ بکر ابو زید .